نمبر ۷   جلد ۴۰

گزٹ ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZETTE

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ شعبان المعظم سنہ ۱۳۴۶ھ مطابق ۱۳ فروری سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	بابت ٹھیکہ روغن مصارف کارخانجات	۱
۲	اضافہ آغا محمد علی صاحب	۲
۳	ایضاً ناظر مجسٹریسی	۲
۴	تنبیہ بہ پولیس بابت انسداد واردات وغیرہ	۲
۵	عطاء اختیارات بعیض جات ماتحت	۲و۳
۶	اضافہ عملہ بمصارف حسبِ تکاری ریاست منظور شدہ	۳
۷	انتخاب ممبر شیان کمیشن بعد ثبوت رشوت ستانی	ایضاً
۸	اضافہ منشی نادر علی کلرک	ایضاً
۹	ایضاً و عہدہ گوہر علی کمپونڈر	ایضاً
۱۰	رخصت نقل نویس دیوانی	۳و۴
۱۱	اضافہ منشی محمد شفیع خان	۴
۱۲	ایضاً محرر دفتر صدر چنگی	ایضاً
۱۳	نقشہ جات حاث و نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۳۰ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

ٹھیکہ روغن مصارف کارخانہ جات من ابتداء یکم فروری سنہ ۱۹۲۸ء لغایت ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۲۹ء بموجب رپورٹ منظور ہے۔ کاغذات برائے اجرائے احکام واپس ہون۔

بی آرڈر
دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام حضور بلا حکم صدر سے جاری ہو کر داخل دفتر ہو۔ نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔ اور ٹھیکہ کی منظوری درج گزٹ ہوا کرے۔ ۳۱ جنوری سنہ ۱۹۲۸ء

روغن سیاہ	روغن السی	روغن سرسون	روغن کنجد	روغن زرد
فی روپیہ ۱۰/۱۰/۱ ۲۲ دام کم	فی روپیہ ۱۰/۰	فی روپیہ ۰/۰/۱۰	فی روپیہ ۰/۱۱/۰	فی روپیہ ۷/۱۰/۰
ایک سیر ساڑھے چودہ چھٹانک	سوا سیر	ایک سیر تین چھٹانک	ایک سیر دو چھٹانک	سات چھٹانک ۴ی دام

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

یکم فروری سنہ ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ دس روپیہ اضافہ بہ تنخواہ موجودہ آغا محمد علی خوشنویس کشمیری ملازم کتب خانہ بعوض پیش کرنے کتبہ عتیق علاوہ گذشتہ پیش کردہ سابقہ۔

حکم

آغا محمد علی کشمیری کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔ احکام حضور بعد جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ

یکم فروری ۱۹۲۸ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر درباره اضافہ
منشی احمد رضا خان ناظر بخشیگری بلحاظ دیانتداری و تجربہ کاری
و ملازمت دیرینہ تعدادی ہشت روپیہ مشاہرہ موجودہ ہے

حکم

احمد رضا خان ناظر بخشیگری کی تنخواہ میں تین روپیہ ماہوار اضافہ منظور ہے۔
احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳ر فروری ۱۹۲۸ء

شہر و مضافات میں اسوقت چند وارداتیں (۴۰۵) نقب زنی اور (۳۰۹) و (۳۰۰) سرقہ کی ڈیلی رپورٹ پولیس میں ملاحظہ ہوئیں۔ یہ پولیس کی بے توجہی اور سستی کا نتیجہ ہے۔ کہ وارداتیں زیادہ ہو گئیں۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کو اس جانب خاص طور سے توجہ کرنا چاہیئے۔ فوراً مناسب انتظام کیا جائے۔ جو وارداتیں ہو چکی ہیں انکی برآمدگی کی کوشش کیجائے۔ اور مفصل حال سے اطلاع دیجائے۔ اور آئندہ کیلئے پولیس کو متنبہ کیا جائے۔ کہ وہ اپنے فرائض بمستعدی انجام دے۔ اور کامل نگرانی رکھے تاکہ وارداتوں کا انسداد ہو ورنہ پولیس جوابدہ ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔
دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع یکم فروری ۱۹۲۸ء

صیغہ جات ماتحت اجلاس ہذا میں "افسران" ماتحت سکریٹری صاحبان بہادر کے اختیارات عملی طور پر اسوقت تک مختلف دیکھے گئے۔ صیغہ جات متعلقہ سے دریافت کرنے پر افسران مذکورہ کے متعلق ایسے مکمل احکامات کا پتہ نہیں بتایا گیا جنپر وہ پابند کاربند ہوں۔ اور سرکاری کام باسلوبی انجام پائے۔ چونکہ ایسی غیر منتظم حالت میں حرج کام اور نقصان سرکاری کا اندیشہ ہے۔ اسلئے حسب صراحت ذیل افسران صیغہ جات کو اختیارات دیا جانا منظور ہے۔

ایگزیکیٹو انجنیر تعمیرات و انہار

(۱) موقوفی۔ تقرر۔ معطلی۔ بحالی۔ جرمانہ۔ معافی جرمانہ۔ تبادلہ ملازمان ذیل اسٹاف تنخواہ دار عہ تک۔

(۲) رخصت رعایتی بشرط استحقاق وغیرہ رعایتی یعنی بوضع تنخواہ ایک ماہ تک ملازمان ذیل اسٹاف تنخواہ دار عہ تک۔

(۳) رخصت رعایتی بشرط استحقاق پندرہ یوم و بوضع تنخواہ ایک ماہ تک۔ دیگر ملازمان علاوہ ذیل اسٹاف تنخواہ دار عہ تک۔ و رخصت اتفاقیہ ۲۴ گھنٹہ جملہ ملازمان تنخواہ دار عہ تک۔

(۴) منظوری تخمینہ دو سو روپیہ تک۔

(۵) بصورت ضرورت مصارف متفرق عہ تک۔

(۶) منظوری ٹنڈر و تقسیم کام ایکہزار روپیہ تک

(۷) انتخاب فرم و ترتیب آرڈر برائے خرید سامان از کمپنیان بشرطیکہ کوئی ایشن قیمتی دو سو روپیہ تک و خرید سامان قیمتی زائد از دو سو روپیہ کی مراسلت و ترتیب آرڈر وغیرہ ایگزیکیٹو انجنیران کے یہاں سے ہوگی لیکن انتخاب فرم اور آرڈر جناب سکریٹری بہادر کرینگے۔

الکٹریکل انجنیر

(۱) نمبر ا لغایت نمبر ۳ و نمبر ۷ حسب صراحت بالا۔

(۲) منظوری تخمینہ مصارف ضروری اتفاقیہ عہ تک۔

صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس

(۱) تقرر۔ موقوفی ملازمان شاگرد پیشہ خلاصی و موچی۔ ہرکارگان ڈاک و چوکیدار بدستور موجودہ صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کرینگے۔

(۲) رخصت کانسٹبلان بشرط استحقاق ایک ماہ تک۔ رخصت ہیڈ کانسٹبلان ایک ہفتہ تک۔ اجازت و رخصت اتفاقیہ ۲۴ گھنٹہ کانسٹبلان و ہیڈ کانسٹبلان۔

(۳) معطلی و تبادلہ کانسٹبلان و ہیڈ کانسٹبلان۔ اور بحالی انہیں ملازمان کی جو اپنے اختیارات سے معطل کئے ہیں۔ لیکن رپورٹ اطلاعی اس جملہ کارروائی کی اجلاس ہذا میں بھیجی جائے۔

(۴) مصارف اتفاقیہ ضروری عہ تک۔

صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری

(۱) دفعات نمبر ا لغایت نمبر ۳۔ مندرجہ اختیارات ایگزیکیٹو انجنیران

(۲) منظوری تخمینہ و مصارف ضروری مبلغ عہ تک۔

میونسپل سکریٹری

(۱) دفعات نمبر ا لغایت نمبر ۳۔ مندرجہ اختیارات ایگزیکیٹو انجنیران۔

(۲) منظوری تخمینہ و مصارف ضروری اتفاقیہ عہ تک۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل صاحب فائننشل سکریٹری کو بھیجی جائے۔

پاس بغرض اطلاع خزانہ دآوٹ مرسل ہو - ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع بھیجی جائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۴ر فروری ۱۹۲۸ء

بملاحظہ نقشہ مصارف بجٹ صیغہ آبکاری ماہ دسمبر ۱۹۲۷ء واضح ہوا کہ بجٹ صیغہ آبکاری سال رواں کے لئے مبلغ [illegible] ہزار روپیہ کا منظور ہوا ہے من ابتداء اکتوبر ۱۹۲۷ء لغایت دسمبر ۱۹۲۷ء [illegible] کے حسابات روانہ ہوچکے ہیں [illegible] باقی رہتی ہیں -

اوسط سہ ماہی مصارف صیغہ آبکاری [illegible] کی ہوتی ہے لہذا [illegible] کی بمقابلہ اوسط سہ ماہی اول بیشی ہوئی جبکہ سہ ماہی اول ہی میں بیشی ہوگی تو آیندہ تحفظ بجٹ کا کسطرح ممکن ہوسکیگا - وجوہ بیشی صیغہ آبکاری سے دریافت کیجائے - اور اس امر کا خیال رکھا جائے کہ سال تمام پر بجٹ منظور شدہ سے بیشی نہ ہونے پائے -

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے بترسیل نقل روبکار ہذا صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کو لکھا جائے کہ صیغہ آبکاری کے وجوہ بیشی سے اجلاس ہذا کو اطلاع دیجائے - اور صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو مطلع کیا جائے کہ بجٹ منظور شدہ سے مصارف میں بیشی نہ ہونا چاہئے - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
واقع ۴ر فروری ۱۹۲۸ء

اشفاق حسین ہیڈ کانسٹبل پر چند الزامات رشوت ستانی عائد ہوئے ہیں - دفعہ (۱۶۱) کی سماعت کے لئے تین مجسٹریٹوں کا کمیشن مقرر ہوچکا ہے - اشفاق حسین کے معاملات معرضہ بالا سپرد کمیشن کئے جائینگے - کمیشن کے لئے بدین شرائط مجسٹریٹوں کا انتخاب کیا جاتا ہے -

صاحبزادہ سید ولی ظفر خان بہادر مجسٹریٹ درجہ اول - صاحبزادہ سید قدرت علی خاں بہادر مجسٹریٹ آبکاری درجہ اول - سید آل حسن تحصیلدار مجسٹریٹ درجہ اول -

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے فوراً ایک ایک نقل صاحب ریونیو سکریٹری بہادر - صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر - صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم
اضافہ
۵ر فروری ۱۹۲۸ء

مثبتہ عرضی سید نادر علی کلرک اجلاس درباره استدعاء اضافہ بوجہ کمی تنخواہ و اصولی کام -

حکم

سید نادر علی کلرک کی تنخواہ موجودہ [illegible] ماہانہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ یکم فروری ۱۹۲۸ء سے منظور ہے - سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - بجٹ اجلاس ہذا سے تنخواہ ملتی ہے اسی سے اضافہ پائیگا -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
عہدہ مع اضافہ
۲ر فروری ۱۹۲۸ء

مثبتہ یادداشت چیف میڈیکل افسر صاحب درباره بنائے جانے گوہر علی کمپونڈر مشاہرہ دار [illegible] کو ہاسپٹل اسسٹنٹ بجائے چار روپیہ ماہوار بجائے ڈاکٹر سکندر رام بلحاظ ہوشیاری و تجربہ کاری

حکم

ڈاکٹر سکندر رام کو انعام دیکر خدمت سے سبکدوش کر دیا گیا ہے - انکی جگہ کیلئے چند پرانے کمپونڈران کا امتحان لیکر چیف میڈیکل افسر صاحب نے گوہر علی کمپونڈر کو ہاسپٹل اسسٹنٹ (نیٹو ڈاکٹر) بناکر باضافہ چار روپیہ ماہوار مقرر کرنے کی سفارش کی ہے - لہذا گوہر علی کمپونڈر کو باضافہ چار روپیہ ماہوار [illegible] روپیہ تنخواہ پر ہاسپٹل اسسٹنٹ (نیٹو ڈاکٹر) مقرر کیا جاتا ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت
۶ر فروری ۱۹۲۸ء

مثبتہ یادداشت صاحب سشن جج بہادر درباره منظوری رخصت پندرہ یوم مزید منشی ذوالفقار حسین نقلنویس دیوانی بوجہ علالت حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب -

حکم

حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب تصدق حسین لعلو پسر کی رخصت مزید پندرہ یوم کی منظور رہے۔ ظل اکبر معاون بدستور اسکا کام متعلقہ انجام دیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر۔

اضافہ

یکم فروری ۱۹۲۶ء

مثل تحریر محمد عبدالقادر خان صاحب افسر ڈیوڑھی مبارک عالیجناب ہر ہائینس جناب نواب شہنشاہ دلہن بیگم صاحبہ دام اقبالہا۔ دربارہ اضافہ محمد شفیع خان محرر ڈیوڑھی مبارک بلحاظ کمی تنخواہ و اصولی کام بقدر پانچ روپیہ

حکم

دو روپیہ ماہوار اضافہ شفیع احمد خان محرر کا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

اضافہ

۳ فروری ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ جنگی دربارہ اضافہ تنخواہ سے کشن سروپ محرر جنس دفتر جنگی بلحاظ کمی تنخواہ و اصولی کام

حکم

حسب سفارش سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگی کشن سروپ محرر صدر دفتر جنگی کی موجودہ تنخواہ میں یکم فروری ۱۹۲۶ء سے مبلغ ایک روپیہ آٹھ آنہ ماہوار کا اضافہ فرمایا جاتا منظور کیا جاتا ہے۔ نامبردہ کو اضافہ عرصہ سے نہیں ملا ہے۔ کام متعلقہ محنت و مستعدی سے انجام دے رہا ہے۔ صدر سے احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری دسمبر ۱۹۲۷ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد: ہندو	تفصیل پیدائش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت: ہندو	میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانور کے کاٹنے سے	طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایتہ خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۲	۶	۲۶	۵	۶۹	۵۸	۱۱	۱۱	۱۱	۱	۱	۱۰	۲۰	۲۲	۳۲	۴۵	۹	۰	۰	۰	۵۴	۰	۰	۰	۵۴	
گنج	۲۰	۳	۱۰	۱	۳۴	۳۰	۴	۱۶	۶	۰	۰	۱۱	۱۰	۲۷	۱۶	۴۰	۳	۰	۰	۰	۴۳	۰	۰	۰	۴۳	
حوالی شہر	۱۰	۱۱	۱۰	۱۰	۴۱	۲۰	۲۱	۴	۵	۰	۰	۱۰	۱۱	۱۴	۱۶	۱۸	۱۲	۰	۰	۰	۳۰	۰	۰	۰	۳۰	
عظیم نگر	۴۰	۲۸	۳۴	۲۵	۱۲۷	۷۴	۵۳	۱۴	۱۶	۲	۰	۳۰	۲۱	۴۶	۳۸	۴۷	۳۷	۰	۰	۰	۸۴	۰	۰	۰	۸۴	
شاہ آباد	۳۱	۱۲۰	۲۱	۱۰۲	۲۷۴	۵۲	۲۲۲	۲۵	۲۸	۲	۹	۴۴	۳۵	۷۵	۷۲	۲۷	۱۲۰	۰	۰	۰	۱۴۳	۰	۰	۴	۱۴۷	
پٹوائی	۱۲	۵۵	۱۰	۵۰	۱۲۷	۲۲	۱۰۵	۹	۱۴	۱	۱	۱۹	۱۴	۲۹	۲۹	۱۰	۴۸	۰	۰	۰	۵۸	۰	۰	۰	۵۸	
ملک	۱۴	۱۱۰	۱۶	۱۰۵	۲۴۶	۳۱	۲۱۵	۲۶	۲۵	۱	۰	۳۱	۳۵	۵۹	۶۰	۲۳	۹۶	۰	۰	۰	۱۱۹	۰	۰	۰	۱۱۹	
بلاسپور	۱۸	۲۴	۱۱	۲۳	۷۶	۲۹	۴۷	۸	۶	۶	۰	۱۳	۱۶	۲۷	۲۳	۲۷	۲۳	۲	۰	۰	۴۸	۰	۰	۰	[illegible]	
کیمری	۵۴	۹۰	۳۰	۷۴	۲۴۸	۸۴	۱۶۴	۷	۹	۲	۵	۲۷	۲۱	۳۶	۳۵	۱۹	۵۲	۰	۰	۰	۷۱	۰	۰	۰	۷۱	
سوار	۳۲	۳۵	۲۳	۲۳	۱۱۳	۵۵	۵۸	۹	۱۴	۵	۱	۲۶	۱۲	۴۰	۳۶	۴۸	۱۹	۰	۰	۰	۷۶	۰	۰	۰	۷۶	
ٹانڈہ	۳۷	۴۲	۲۷	۳۰	۱۴۲	۴۶	۶۸	۱۴	۱۷	۳	۲	۲۰	۲۱	۳۶	۴۰	۳۰	۴۶	۰	۰	۰	۷۶	۰	۰	۰	۷۶	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۳۳۹	۴۶۵	۲	۰	۰	[illegible]	۰	۰	[illegible]	[illegible]	

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ماہ فروری ہفتہ دوم ۱۹۲۹ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ ۷ر ۷ ۷ر / ۷ ۰ ۷ر	۷ ۷ر	۷ ۰ ۷ر	۷ ۷ر	۰	۸ ۷ر	
نخود خالص	۷ ۷ر	۷ ۷ر	۷ ۰ ۷ر	۰	۰	۸ ۷ر	
نخود کم آمیز	۷ ۰ ۷ر	۰	۷ ۷ر	۸ ۷ر	۰	۸ ۷ر	
کر	۸ ۷ر	۰	۸ ۷ر	۸ ۰ ۷ر	۰	۹ ۷ر	
ماش	۷ ۰ ۷ر	۷ ۷ر	۷ ۷ر	۷ ۰ ۷ر	۰	۷ ۷ر	
مونگ	۶ ۷ر	۷ ۷ر	۰	۰	۰	۶ ۰ ۷ر	
مکا	۱۰ ۰ ۷ر	۱۰ ۷ر	۱۱ ۷ر	۱۰ ۰ ۷ر	۰	۱۱ ۷ر	
جئی	۱۲ ۰ ۷ر	۰	۰	۰	۰	۱۱ ۷ر	
گوجئی	۱۱ ۰ ۷ر	۰	۰	۹	۰	۱۱ ۷ر	
ماس	۶ ۷ر	۰	۰	۶ ۷ر	۰	۶ ۷ر	
ارہر	۶ ۷ر	۰	۰	۰	۰	۸ ۷ر	
برنج	۵ ۰ ۷ر ۶ ۷ر	۵ ۷ر ۹ ۷ر	۵ ۰ ۷ر ۶ ۷ر	۶ ۷ر	۰	۶ ۷ر	
روغن زرد	۷ ۰ چھٹانک	۰ ۷ر	۷ چھٹانک	۰ ۷ر	۰	۰ ۷ر	
روغن سرسوں	۱ ۷ر	۱ ۰ ۷ر	۱ ۰ ۷ر	۱ ۷ر	۰	۱ ۰ ۷ر	
روغن کنجد	۱ ۷ر	۱ ۷ر	۱ ۷ر	۰	۰	۱ ۷ر	
نمک سانبھر	۱۳ ۷ر	۱۲ ۷ر	۱۳ ۷ر	۱۱ ۰ ۷ر	۰	۱۳ ۰ ۷ر	
نمک لاہوری	۶ ۷ر	۸ ۷ر	۶ ۷ر	۰	۰	۸ ۷ر	
قند سیاہ	۷ ۰ ۷ر ۸ ۷ر	۷ ۷ر ۸ ۷ر	۷ ۰ ۷ر	۸ ۰ ۷ر		۸ ۷ر	
باجرہ	۹ ۰ ۷ر	۹ ۷ر	۱۰ ۷ر	۹ ۷ر	۰	۹ ۷ر	